تین مچھلیاں

CHILDREN'S BOOK TRUST
NEW DELHI

تین مچھلیاں

مصنّفین : دولت ڈونگاجی و اے۔کے۔لاوانگیا
مصوّر : اے۔ ایل۔ گوڈبولے

ایک جھیل میں تین بڑی مچھلیاں رہتی تھیں۔
وہ آپس میں دوست تھیں۔ لیکن تھیں
ایک دوسرے سے مختلف۔

ایک مچھلی نیلے رنگ کی تھی۔ وہ عقل مند تھی ۔ وہ ہر مسلے کے بارے میں ہمیشہ
وقت سے پہلے سوچ لیا کرتی تھی ۔

دوسری لال رنگ کی مچھلی تھی ۔ وہ ہمیشہ خوش رہتی تھی ۔ وہ ہوشیار تھی اور معاملہ کی تہ تک جلد پہنچ جاتی تھی ۔ جب کبھی اسے مشکل پیش آتی تو وہ اس سے بچ نکلنے کی ترکیب ڈھونڈ لیتی تھی ۔

تیسری مچھلی بھورے رنگ کی تھی۔ وہ زندہ دل نہیں بلکہ سنجیدہ تھی۔ وہ پرانی چیزوں کو پسند کرتی تھی۔ اس کو یقین تھا کہ جو کچھ ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا اور اس کو کوئی نہیں روک سکتا۔

ایک دن نیلی مچھلی نے ایک
ماہی گیر کو دوسرے ماہی گیر
سے یہ کہتے ہوئے سنا:
"دیکھو وہ نیلے رنگ کی
کتنی عمدہ مچھلی ہے! یہ
جھیل بڑی بڑی مچھلیوں سے
بھری ہوئی ہے۔ ہم کل
یہاں مچھلیاں پکڑنے آئیں
گے۔"

۳۳۳۲۲

نیلی مچھلی بھاگ کر اپنے دوستوں کے پاس گئی اور جو کچھ اس نے سنا تھا اُنھیں بتایا اور کہا "آؤ ہم سوجھ بوجھ سے کام لیں اور اس جھیل کو آج ہی چھوڑ دیں۔"



لال مچھلی نے کہا" ماہی گیر کو آنے دو۔ میں بچنے کا راستہ ڈھونڈ لوں گی"

بھورے رنگ کی مچھلی نے کہا" میں ساری زندگی یہاں رہی ہوں اور میں صرف اس لیے یہاں سے چلی جاؤں کہ ایک ماہی گیر نے دوسرے کو یہاں مچھلیاں پکڑنے کے لیے کہا ہے۔ جو ہوگا دیکھا جائے گا۔"

تب نیلی مچھلی نے کہا کہ ماہی گیر کے آنے سے پہلے وہ یہاں سے چلی جائے گی۔ اور وہ دوسری جھیل کو چلی گئی۔

۱۳-۹
۲۰۸

اگلی صبح ماہی گیر آئے اور اپنا جال پھیلا دیا۔ دوسری کئی مچھلیوں کے ساتھ لال اور بھورے رنگ کی دونوں مچھلیاں بھی اس میں پھنس گئیں۔

لال مچھلی نے اپنے آپ کو خطرے میں دیکھا تو مرنے کا ڈھونگ رچایا۔ ایک ماہی گیر نے جب یہ دیکھا تو "مردہ" مچھلی کو نکال کر باہر زمین پر پھینک دیا۔



لال مچھلی آہستہ آہستہ رینگ کر پانی کے کنارے پہنچ گئی
پھر اس نے جھیل میں چھلانگ لگادی اور تیرتی ہوئی دور
چلی گئی۔ اس طرح وہ خود کو بچانے میں کامیاب ہوگئی۔
لیکن بھوری مچھلی جال کے اندر ہی جدوجہد کرتی رہی اور
ماہی گیر نے ایک ہی وار سے اس کو ہلاک کردیا۔

پہلا اردو ایڈیشن : جنوری، مارچ 1985

پہلا انگریزی ایڈیشن : 1966

© چلڈرن بک ٹرسٹ، نئی دہلی

ترقی اردو بیورو نئی دہلی

قیمت : 3.50 روپے

مطبع: اندرا پرستھا پریس، چلڈرن بک ٹرسٹ، نہرو ہاؤس، 4 بہادر شاہ ظفر مارگ، نئی دہلی